رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا!

اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ، وَعِمَادُ الدِّيْنِ، وَنُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

دعاء مؤمن کا ہتھیار ہے، دین کا ستون اور آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے۔

(مسند ابو یعلی، ج ۱ ص ۳۴۴)

قرآن وحدیث سے ماخوذ 415 دعاؤں پر مشتمل کتاب

# خزینۂ دُعاء

فضائل وخصائصِ دعا کا انمول خزانہ

حضرت مولانا محمد بشیر فاروق قادری

بانی سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ

مؤلّف

مفتی محمد راشد القادری

آزاد پبلشرز ۵۶. اُردو بازار کراچی

: 32631839,32620178 FAX : (92-21) 32627659

website : www.azadpublishers.com

E-mail : azadpublishers@gmail.com

AZAD PUBLISHERS

# تقریظ مع اجازتِ عامہ

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ**

**عَلٰی رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ اَمَّا بَعْدُ !**

رب تعالیٰ کے فضل وکرم اور اسی کی دی ہوئی توفیق سے فقط قرآن وحدیث پر مبنی (۴۱۵) دعاؤں پر مشتمل ایک کتاب ''خزینۂ دُعاء'' ترتیب دی گئی ہے۔

تاکہ ہر وقت یہ کتاب ہمارے پاس موجود ہو اور ہم ان دعاؤں کو پڑھ کر ان سے فیوض وبرکات حاصل کریں۔ چونکہ اس کتاب میں قرآن کریم کی چالیس (۴۰) وہ دعائیں بھی جن کی ابتداء لفظ ''رَبَّنَا'' سے ہوتی ہے بالخصوص جمع کی گئی ہیں۔ اور ساتھ ہی (۲۷) وہ دعائیں بھی جن کی ابتداء لفظ ''رَبِّ'' سے ہوتی ہے ان کو بھی جمع کر دیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ رسول اللہ ﷺ کی عبادات اور معاملات سے متعلق دعائیں بھی شامل کی گئی ہیں۔ تاکہ اُمتِ مصطفےٰ ﷺ اُن دین ودنیا وآخرت کی بھلائی پر مبنی دعاؤں کو اپنا معمول بنائیں اور ربّ کریم کی رحمت وبرکت کے مستحق بنیں۔ اور رسول اللہ ﷺ کے لطف وکرم اور شفاعت کے امیدوار رہیں۔

آخر میں مولائے کریم کے حضور دعا ہے کہ وہ اپنے پیارے حبیب ﷺ، تمام انبیاء علیہم السلام صدیقین، شہداء، صالحین رضی اللہ عنہم کے صدقے وطفیل اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ اور مؤلف کو مزید اخلاص کی دولت سے مالا مال فرمائے۔ اور اس طرح دین کی سربلندی کے لئے ہمہ تن گوش ہو کر مصروف عمل رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یا ربّ العٰلمین۔

العارض:

محمد لبیب فاروقی قادری

# انتساب

ہم اس کتاب کو سرورِ دو جہاں شاہِ کون و مکاں صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اس کا ثواب بالخصوص سرکار صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری امّت کے لئے ایصال کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب سے امّتِ مسلمہ کو استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے لئے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

---


# جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں

اس کتاب کے جملہ حقوق محفوظ ہیں اس کتاب کا کوئی حصہ الیکٹرانی، میکانی، فوٹو کاپی، ریکارڈنگ یا اور کسی طریقے یا شکل میں پبلشرز کی پیشگی اجازت کے بغیر نہ تو نقل اور نہ کسی طریقے سے محفوظ یا منتقل کیا جا سکتا ہے۔



کتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خزینۂ دُعاء

بفیضانِ نظر۔۔۔۔۔۔۔۔حضرت مولانا محمد بشیر فاروق قادری

مؤلف۔۔۔۔۔۔۔۔مفتی محمد راشد القادری سلمہٗ الباری

کتاب ڈیزائنگ۔۔۔۔۔۔سید سمیر حسین

ٹائیٹل ڈیزائنگ۔۔۔۔۔۔محمد فیصل عطاری/محمد فیضان

ناشر۔۔۔۔۔۔۔۔آزاد پبلشرز 56 اُردو بازار کراچی

website : www.azadpublishers.com

# عرضِ مؤلّف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بعض احباب کی خواہش تھی کہ الگ سے صرف دعاؤں کی کتاب ہو جس میں عبادات اور معاملات کی دعائیں یکجا ہوں۔ جس سے بہ آسانی استفادہ کیا جا سکے۔ قرآن پاک میں 40 مقامات پر اللہ تعالیٰ کو رَبَّنَا کہہ کر اس پروردگار اور پالنہار کو پکارا گیا ہے لفظ رَبَّنَا اپنے اندر ایک الگ ہی قسم کی حلاوت و شیرینی لئے ہوئے ہے۔ اور جب بندۂ مومن اپنے پالنے والے کو رَبَّنَا یعنی اے پالنے والے، اپنے پروردگار، اپنے پرورش کرنے والے کو سچے دل اور نیک نیتی سے پکارے گا تو یقینا وہ رب ضرور اپنے بندے کی جانب نگاہ کریگا اور اس کی دعا و حاجات کو پورا کریگا۔ اس لئے ایک مختصر کتاب تیار کی گئی ہے جس میں روز مرّہ، صبح و شام پڑھی جانے والی دعائیں موجود ہیں۔

اللہ ربّ العزّت جلّ شانہٗ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور رہتی دنیا تک اس سے امّتِ مسلمہ کو استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

دعا کا طالب

ابو رضا محمد راشد القادری بن محمد حیات القادری

# فہرست


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 01 | چہل رَبَّنَا (40) قرآنی دعائیں | 10 |
| 02 | قبولیتِ دعاء اور استقامت علی الایمان کے لئے دعائیں | 11 |
| 03 | دین ودنیا کی تمام بھلائیوں کے لئے | 11 |
| 04 | ثابت قدمی اور نصرت وفتح کے لئے ہر معاملات میں بالخصوص جنگ میں | 11 |
| 05 | ہر مشکل اور پریشانی سے نجات کی دعا | 12 |
| 06 | بخشش ورحمت، فلاح دنیا وآخرت کے لئے | 12 |
| 07 | عذاب جہنم سے بچاؤ کے لئے | 12 |
| 08 | دنیا وآخرت کی ذلّت ورسوائی سے بچنے کی دعا | 13 |
| 09 | بخشش اور ایمان بالخیر وعافیت والی موت کی دعائیں | 13 |
| 10 | خصوصی رحم وکرم اور مغفرت کی دعا | 13 |
| 11 | ہدایت اور دل کی اصلاح کے لئے | 14 |
| 12 | اللہ کے دوستوں سے ملاقات کے لئے | 14 |
| 13 | ایمان پر استقامت کی دعا | 14 |
| 14 | آزمائش وتنگی میں فراخی کے لئے دعائیں | 14 |
| 15 | ظالموں سے نجات کی دعا | 15 |
| 16 | بہترین کامیابی اور آپس میں صلح کیلئے دعا | 15 |
| 17 | آزمائش وتنگی میں اور دعائے صبر واستقلال | 15 |
| 18 | ظالموں اور کافروں کے فتنے سے بچنے کے لئے | 15 |
| 19 | کام کی بہتری کیلئے دعا | 16 |
| 20 | گمشدہ چیز کے ملنے کی دعا | 16 |
| 21 | قبولیتِ دعا کے لئے | 16 |
| 22 | والدین کے لیے مغفرت کی دعائیں | 16 |
| 23 | رحمت وہدایت کی دعائیں | 16 |
| 24 | زیادتی اور شرارت سے بچنے کی دعا | 17 |
| 25 | بخشش، رحم وکرم کی دعا | 17 |
| 26 | نیک اور پاکیزہ اولاد کے لئے دعا | 17 |
| 27 | آیت مبارکہ سے زہریلے جانور کے کاٹنے کا علاج | 17 |
| 28 | دین ودنیا میں قدر ومنزلت کیلئے دعا | 17 |
| 29 | مؤمنوں کیلئے مغفرت وجنّت کی دعا | 18 |
| 30 | ترقی ایمان اور مغفرت کی دعائیں | 18 |
| 31 | تکمیل نور ھدایت کے لئے | 18 |
| 32 | لفظِ ''رَبِّ'' سے (27) قرآنی دعائیں | 19 |
| 33 | (۱) نئے شہر یا ملک میں امن سلامتی اور بہترین روزگار کے لئے | 20 |
| 34 | (۲) جس کو حمل نہ ٹھہرتا ہو، یا حمل ضائع ہوجاتا ہو | 20 |
| 35 | (۳) لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہوتو | 20 |
| 36 | (۴) اچھے برے کام کی اطلاع بذریعہ خواب | 20 |
| 37 | (۵) نقصان دہ احوال سے بچنے کی دعا | 21 |
| 38 | (۶) حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا | 21 |
| 39 | (۷) اولاد کو نیک اور صالح بنانے کی دعا | 21 |
| 40 | (۸) والدین پر خصوصی رحم وکرم کی دعا | 21 |
| 41 | (۹) حق وصداقت کے پرچار کے لئے یہ پڑھے | 21 |
| 42 | (۱۰) حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا | 22 |
| 43 | (۱۱) حافظہ مضبوط، زبان کی لکنت، سانس چڑھنے سے نجات کی دعا | 22 |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 44 | (۱۲) علم میں زیادتی کی دعا | 22 |
| 45 | (۱۳) اولاد کے حصول کے لئے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا | 22 |
| 46 | (۱۴) سرکار مدینہ ﷺ کی دُعا | 23 |
| 47 | (۱۵) بہترین روزگار اور بہترین جگہ کے انتخاب کے لئے | 23 |
| 48 | (۱۶) کفریہ عقائد، بدعقیدہ اور برے لوگوں سے محفوظ رہنے کی دعا | 23 |
| 49 | (۱۷) نماز یا بیرونِ نماز شیطانی وسوسے اور گندے خیالات سے نجات کی دعا | 23 |
| 50 | (۱۸) دعائے مغفرت | 23 |
| 51 | (۱۹) حضرت لوط علیہ السلام کی دعا بدکاروں اور بدکاری سے محفوظ رہنے کیلئے | 23 |
| 52 | (۲۰) نیکی کی توفیق اور شاکر بندہ بننے کے لئے | 24 |
| 53 | (۲۱) ظلم وزیادتی سے نجات کی دعا | 24 |
| 54 | (۲۲) دہشت گردی، جارحانہ مظالم اور ظالموں سے حفاظت کی دعا | 24 |
| 55 | (۲۳) بہترین روزی وروزگار کے لئے دعا | 24 |
| 56 | (۲۴) فتنہ فساد اور فسادی لوگوں سے نجات کی دعا | 24 |
| 57 | (۲۵) نیک اولاد طلب کرنے کے لئے | 25 |
| 58 | (۲۶) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دعا | 25 |
| 59 | (۲۷) حضرت نوح علیہ السلام کی دعا اپنے لئے، والدین | 25 |
| 60 | کے لئے اور تمام مومنوں کے لئے دعائے مغفرت | 25 |
| | باب | 26 |
| 61 | احادیثِ کریمہ سے ماخوذ دعائے عبادات | 26 |
| 62 | عبادات میں دُعا کا مقام | 27 |
| 63 | (۱) خطاؤں کی معافی کی دعا | 27 |
| 64 | (۲) بخشش کی دعا | 27 |
| 65 | (۳) دین ودنیا کی سلامتی کی دعا | 27 |
| 66 | (۴) دعائے مغفرت | 28 |
| 67 | (۵) جسم کی سلامتی کی دُعا | 28 |
| 68 | (۶) معافی کی دعا | 28 |
| 69 | (۷) علم وعمل اور عزّت وسلامتی کی دعا | 28 |
| 70 | (۸) بہترین اعمال وبہترین اخلاق کی دعا | 29 |
| 71 | (۹) خطاء اور جہالت کی معافی کی دُعا | 29 |
| 72 | (۱۰) دین وایمان پر ثابت قدمی کی دعا | 29 |
| 73 | (۱۱) بھلائیوں کی دعا | 30 |
| 74 | (۱۲) علم نافع کی دعا | 30 |
| 75 | (۱۳) اطاعت کی توفیق نصیب ہونے کی دعا | 30 |
| 76 | (۱۴) دین ودنیا کے احوال کی اصلاح کی دعا | 30 |
| 77 | (۱۵) صحت وعفت اور حسن خلق کی دعا | 31 |
| 78 | (۱۶) فلاح وکامرانی کی دعا | 31 |
| 79 | (۱۷) ہر مشکل کی آسانی کی دعا | 31 |
| 80 | (۱۸) دل وزبان کی اصلاح اور ہدایت کی دعا | 32 |
| 81 | (۱۹) بہترین انجامِ آخرت کی دعا | 32 |
| 82 | (۲۰) جائز مقدمہ وفیصلہ میں کامیابی کی بہترین دعا | 32 |
| 83 | (۲۱) پاکیزگیٔ اخلاق واحوال کی دعا | 33 |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 84 | (۲۲)دل، زبان اور آنکھوں کی اصلاح کی دعا | 33 |
| 85 | (۲۳)دین ودنیا اور امورِ آخرت میں کامیابی کی دعا | 33 |
| 86 | (۲۴)راہ راست اور اعمال کی خیر وخوبی کی دعا | 34 |
| 87 | (۲۵)ظاہری وباطنی احوال کی اصلاح کی دُعا | 34 |
| 88 | (۲۶)زندگی کے ہر شعبہ میں برکت کی دعا | 35 |
| 89 | (۲۷)رزق میں برکت کی دعا | 35 |
| 90 | (۲۸)رزق حلال کے حصول کی دعا | 35 |
| 91 | (۲۹)ہدایت وپرہیزگاری کی دعا | 36 |
| 92 | (۳۰)ربّ تعالی سے محبت کی دعا | 36 |
| 93 | (۳۱)علمِ نافع اور مقبول اعمال کی دعا | 36 |
| 94 | (۳۲) ہدایت کے راستے کی دعا | 36 |
| 95 | (۳۳)مال ودولت اور عزّت میں اضافہ کی دعا | 37 |
| 96 | (۳۴)رزق میں کشادگی کی بہترین دعا | 37 |
| 97 | (۳۵)ادائے قرض اور فقر وفاقہ سے نجات کی دعا | 37 |
| 98 | (۳۷)رحم وکرم کے حصول کی دعا | 38 |
| 99 | (۳۷)سستی، بزدلی، شدید بڑھاپا اور کنجوسی سے بچنے کی دعا | 38 |
| 100 | (۳۸)قبر، جہنم، زندگی وموت کی آزمائش سے پناہ کی دعا | 38 |
| 101 | (۳۹)نقصان دہ احوال سے پناہ کی دعا | 39 |
| 102 | (۴۰)آنکھ، زبان، دل اور شرمگاہ کے شر سے پناہ کی دعا | 39 |
| 103 | (۴۱)برے اخلاق وبدکاری سے پناہ کی دعا | 39 |
| 104 | (۴۲)برے اعمال سے پناہ کی دعا | 39 |
| 105 | (۴۳)عذاب الٰہی سے پناہ کی دعا | 39 |
| 106 | (۴۴)فقر، قلّت وذلّت سے پناہ کی دعا | 40 |
| 107 | (۴۵)بھوک وخیانت سے پناہ کی دعا | 40 |
| 108 | (۴۶) ہر برے وقت سے بچنے کی دعا | 40 |
| 109 | (۴۷)مصیبت وتکلیف سے نجات کی دعا | 40 |
| 110 | (۴۸)شدّت بے چینی وپریشانی سے نجات کی دعا | 41 |
| 111 | (۴۹)ظلم وزیادتی اور بدسلوکی سے بچنے کی دعا | 41 |
| 112 | (۵۰)دفع پریشانی کے لئے آپ (ﷺ) نے یہ دعا تلقین فرمائی | 42 |
| 113 | (۵۱)دفع بلیّات کی دعا | 42 |
| 114 | (۵۲)غم وپریشانی سے نجات کی دعا | 42 |
| 115 | (۵۳)نفس وشیطان کے مکر وفریب سے پناہ کی دعا | 42 |
| 116 | (۵۴)اعمال کی درستی کی دعا | 43 |
| 117 | مریض کے لئے دعائیں | 43 |
| 118 | (۵۵)بخار میں مبتلا ہو تو یہ دعا پڑھے: | 43 |
| 119 | (۵۶)کسی کی آنکھ دکھے تو یہ دعاء پڑھے | 43 |
| 120 | (۵۷)مزاج پرسی کے وقت یہ دعا پڑھے | 44 |
| 121 | (۵۸)عیادت کی دوسری دعاء | 44 |
| 122 | (۵۹)عیادت کی تیسری دعا | 44 |
| 123 | (۶۰)ہر قسم کے مریض کو دم کرنے والی دعائیں | 44 |
| 124 | (۶۱)مریض کو دم کرنے والی دوسری دعا | 44 |
| 125 | جادو کی حقیقت سے متعلق کچھ معلومات | 45 |
| 126 | جادو کی لغوی اور اصطلاحی تحقیق | 46 |
| 127 | جادو سے متعلق اہل سنّت کا مذہب | 47 |
| 128 | سات ہلاک کرنے والی چیزیں | 48 |
| 129 | جادو کا شرعی حکم | 48 |
| 130 | جادو کی اقسام اور ان کا شرعی حکم | 48 |
| 131 | جادو کے شرعی حکم سے متعلق فقہاء احناف کا نظریہ | 49 |
| 132 | ہر قسم کے جادو اور بندش کی کاٹ کا طریقہ | 50 |
| 133 | (۶۲)میت کے لئے دعا | 50 |
| 134 | (۶۳)حضور (ﷺ) کی دعائے نور: | 51 |
| 135 | (۶۴)دعائے مصطفی ﷺ | 51 |
| 136 | (۶۵)نبی کریم ﷺ کی ہر فرض نماز کے بعد کی دعا | 51 |
| 137 | استخارہ کی فضیلت | 52 |
| 138 | جو استخارہ کرے نقصان نہ اٹھائے | 52 |
| 139 | استخارہ صرف مباح اور مستحب کام میں جائز ہے | 53 |
| 140 | (۶۶)استخارہ کی دعا | 53 |
| 141 | نماز استخارہ میں کون سی سورتیں پڑھیں | 54 |
| 142 | سات مرتبہ استخارہ کرنا بہتر ہے | 54 |
| 143 | استخارہ کی مختصر دعائیں | 55 |
| 144 | قرآنی آیتوں کے ذریعے استخارہ | 56 |
| 145 | (۶۷)کفن پر لکھنے کی دعائیں | 56 |
| 146 | (۶۸)پنج وقتہ نمازوں کے بعد کی دعا | 57 |
| 147 | (۶۹)پنج وقتہ نمازوں کے بعد کی دوسری دعا | 58 |
| 148 | (۷۰)پنج وقتہ نمازوں کے بعد کی تیسری دعا | 58 |
| 149 | (۷۱)فرض نمازوں کے بعد کی دعا | 58 |
| 150 | (۷۲)فرض نمازوں کے بعد کی دعا | 59 |
| 151 | (۷۳)فرض نماز کے بعد کی دعا | 59 |
| 152 | (۷۴)ہر حاجت کی دعا | 59 |
| 153 | وضو کرتے وقت کی دعائیں | 60 |
| 154 | (۷۵)کلی کرتے وقت کی دعا | 60 |
| 155 | (۷۶)ناک میں پانی چڑھاتے وقت کی دعا | 60 |
| 156 | (۷۷)چہرہ دھوتے وقت کی دعا | 60 |
| 157 | (۷۸)سیدھا ہاتھ دھوتے وقت کی دعا | 61 |
| 158 | (۷۹)الٹا ہاتھ دھوتے وقت کی دعا | 61 |
| 159 | (۸۰)سر کا مسح کرتے وقت کی دعا | 61 |
| 160 | (۸۱)کانوں کا مسح کرتے وقت کی دعا | 61 |
| 161 | (۸۲)گردن کا مسح کرتے وقت کی دعا | 61 |
| 162 | (۸۳)سیدھا قدم دھوتے وقت کی دعا | 61 |
| 163 | (۸۴)الٹا قدم دھوتے وقت کی دعا | 62 |
| 164 | (۸۵)وضو سے فارغ ہو کر پڑھنے کی دعا | 62 |
| 165 | احادیثِ کریمہ سے ماخوذ دعائے معاملات | 63 |
| 166 | (۱)سوتے وقت کی دعا | 64 |
| 167 | (۲)نیند سے بیدار ہونے کی دعا | 64 |
| 168 | (۳)بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے کی دعا | 64 |
| 169 | (۴)بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے کی دوسری دعا | 64 |
| 170 | (۵)بیت الخلاء سے باہر آنے کے بعد کی دعا | 64 |
| 171 | (۶)بیت الخلاء سے باہر آنے کے بعد کی دوسری دعا | 64 |
| 172 | (۷)گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا | 65 |
| 173 | (۸)گھر سے نکلتے وقت کی دعا | 65 |
| 174 | (۹)مؤمن سے مؤمن کی ملاقات کے وقت کی دعا | 65 |
| 175 | (۱۰)مصافحہ کرتے وقت کی دعا | 65 |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 176 | (۱۱) مصافحہ کرتے وقت کی دوسری دعا | 66 |
| 177 | (۱۲) کسی مسلمان کو ہنستا دیکھ کر پڑھنے کی دعا | 66 |
| 178 | (۱۳) مغفرت کی دعا دینے پر جواب | 66 |
| 179 | (۱۴) محسن کا شکریہ ادا کرنے کی دعا | 66 |
| 180 | (۱۵) ہدیہ لیتے وقت کی دعا | 66 |
| 181 | (۱۶) ادائے قرض کی دعا | 66 |
| 182 | (۱۷) ادائے قرض پر قرض خواہ کی دعا | 67 |
| 183 | (۱۸) غصہ آنے کے وقت کی دعا | 67 |
| 184 | (۱۹) وسوسہ دور کرتے وقت کی دعا | 67 |
| 185 | (۲۰) تھکن کے وقت کی دعا | 67 |
| 186 | (۲۱) چھینک آنے پر دعا | 67 |
| 187 | (۲۲) چھینک آنے پر پڑھنے کی ایک اور دعا | 68 |
| 188 | (۲۳) حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی چھینک کی دعا | 68 |
| 189 | (۲۴) چھینک آنے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنے والے کے لیے دعا | 68 |
| 190 | (۲۵) چھینک آنے پر کوئی جواب دینے والا نہ ہو تو اس وقت کی دعا | 68 |
| 191 | (۲۶) غائب شخص کی چھینک پر جواب دینے کی دعا | 68 |
| 192 | (۲۷) چھینک کا جواب دینے والا اگر کافر ہو تو اس وقت کی دعا | 68 |
| 193 | (۲۸) جب کوئی چھینک کا جواب دے تو چھینکنے والے کی اس کے لیے دعا | 69 |
| 194 | (۲۹) جمائی کے وقت کی دعا | 69 |
| 195 | (۳۰) کوئی بھی نیا کام شروع کرتے وقت کی دعا | 69 |
| 196 | (۳۱) علم میں اضافے کی دعا | 69 |
| 197 | (۳۲) کفر کی نشانی (مثلاً مندر، گرجا، گردوارہ وغیرہ دیکھتے وقت کی دعا) | 69 |
| 198 | (۳۳) مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دعا | 69 |
| 199 | (۳۴) نیا چاند دیکھتے وقت کی دعا | 70 |
| 200 | (۳۵) جب بھی چاند پر نظر پڑے اس وقت کی دعا | 70 |
| 201 | (۳۶) آئینہ دیکھتے وقت کی دعا | 70 |
| 202 | (۳۷) ستاروں کو دیکھتے وقت کی دعا | 70 |
| 203 | (۳۸) مرغ کی بانگ سن کر پڑھنے کی دعا | 71 |
| 204 | (۳۹) گدھے کے رینکنے (آواز نکالنے) پر پڑھنے کی دعا | 71 |
| 205 | (۴۰) کتے کے بھونکنے پر پڑھنے کی دعا | 71 |
| 206 | (۴۱) طلب باراں کی دعا | 71 |
| 207 | (۴۲) نماز استسقاء میں پڑھی جانے والی دعا | 71 |
| 208 | (۴۳) بادل آتا ہوا دیکھتے وقت کی دعا | 71 |
| 209 | (۴۴) بادل کے کھلتے وقت کی دعا | 72 |
| 210 | (۴۵) بارش کے وقت کی دعا | 72 |
| 211 | (۴۶) بارش کی زیادتی کے وقت کی دعا | 72 |
| 212 | (۴۷) بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک کے وقت کی دعا | 72 |
| 213 | (۴۸) آندھی کے وقت کی دعا | 72 |
| 214 | (۴۹) سورج گہن اور چاند گہن کے وقت کی دعا | 73 |
| 215 | (۵۰) طلوع آفتاب کے وقت کی دعا | 73 |
| 216 | (۵۱) غروب آفتاب کے وقت کی دعا | 73 |
| 217 | (۵۲) ستارہ ٹوٹتا دیکھتے وقت کی دعا | 73 |
| 218 | (۵۳) بازار میں داخل ہوتے وقت کی دعا | 74 |
| 219 | (۵۴) پھل لیتے وقت کی دعا | 74 |
| 220 | (۵۵) وضو سے پہلے کی دو (۲) دعائیں | 74 |
| 221 | (۵۶) وضو کے درمیان پڑھنے کی دعا | 74 |
| 222 | (۵۷) وضو کے درمیان پڑھنے کی دوسری دعا | 75 |
| 223 | (۵۸) مسجد کو دیکھتے وقت کی دعا | 75 |
| 224 | (۵۹) مسجد میں داخل ہونے کی تین دعائیں | 75 |
| 225 | (۶۰) مسجد میں داخل ہونے کی دوسری دعا | 75 |
| 226 | (۶۱) مسجد میں داخل ہونے کی تیسری دعا | 75 |
| 227 | (۶۲) نفلی اعتکاف کی دعا | 75 |
| 228 | (۶۳) مسجد سے نکلتے وقت کی تین دعائیں | 76 |
| 229 | (۶۴) مسجد سے نکلتے وقت کی دوسری دعا | 76 |
| 230 | (۶۵) مسجد سے نکلتے وقت کی تیسری دعا | 76 |
| 231 | (۶۶) نماز وتر کے بعد کی دعا | 76 |
| 232 | (۶۷) فجر کی سنتوں کے بعد کی دعا | 76 |
| 233 | (۶۸) نماز فجر کے لیے نکلے تو اثنائے راہ میں پڑھنے کی دعا | 76 |
| 234 | (۶۹) ہر نماز کے بعد کی دعائیں | 77 |
| 235 | (۷۰) ہر نماز کے بعد کی دوسری دعا | 77 |
| 236 | (۷۱) ہر نماز کے بعد کی تیسری دعا | 77 |
| 237 | (۷۲) ہر نماز کے بعد کی چوتھی دعا | 78 |
| 238 | (۷۳) فرض نماز کے بعد کی دعا | 78 |
| 239 | (۷۴) فرض نماز کے بعد کی دوسری دعا | 78 |
| 240 | (۷۵) نماز فجر اور مغرب کے بعد کی دعا | 79 |
| 241 | (۷۶) نماز فجر اور مغرب کے بعد کی دعا | 79 |
| 242 | (۷۷) نماز چاشت کے بعد کی دعا | 79 |
| 243 | (۷۸) نماز چاشت کے بعد کی دعا | 79 |
| 244 | (۷۹) دو ترویحہ کے درمیان پڑھنے کی دعا | 79 |
| 245 | (۸۰) اذان اور اقامت کے درمیان وقفہ میں پڑھنے کی دعا | 80 |
| 246 | (۸۱) انگوٹھے چومتے وقت کی دعا | 80 |
| 247 | (۸۲) قرآن پڑھتے وقت کی دعا | 80 |
| 248 | (۸۳) ختم قرآن شریف کی دعا | 80 |
| 249 | (۸۴) ہر سورۃ کی ابتداء سے پہلے پڑھنے کی دعا | 81 |
| 250 | (۸۵) شب قدر کی دعا | 81 |
| 251 | (۸۶) دعا کی قبولیت پر شکر کرنے کی دعا | 81 |
| 252 | (۸۷) کوئی گناہ کر بیٹھے تو سچے دل سے توبہ کرتے وقت کی دعا | 81 |
| 253 | (۸۸) دیدار مصطفی ﷺ کی دعا | 81 |
| 254 | (۸۹) کھانا سامنے آئے اس وقت کی دعا | 82 |
| 255 | (۹۰) کھانا کھانے سے پہلے کی دعا | 82 |
| 256 | (۹۱) کھانا کھانے سے پہلے کی دوسری دعا | 82 |
| 257 | (۹۲) کھانا کھانے سے پہلے کی تیسری دعا | 82 |
| 258 | (۹۳) پہلا لقمہ کھاتے وقت کی دعا | 82 |
| 259 | (۹۴) ہر لقمہ کھاتے وقت کی دعا | 82 |
| 260 | (۹۵) کھانے کے بعد کی دعا | 83 |
| 261 | (۹۶) کھانے کے بعد کی دوسری دعا | 83 |
| 262 | (۹۷) دعوت کھانے کے بعد کی دعا | 83 |
| 263 | (۹۸) دسترخوان اٹھاتے وقت کی دعا | 83 |
| 264 | (۹۹) کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے وقت کی دعا | 83 |
| 265 | (۱۰۰) کھانا کھانے سے قبل بسم اللہ بھول جائے تو کیا دعا پڑھے | 84 |
| 266 | (۱۰۱) مریض کے ساتھ کھاتے وقت کی دعا | 84 |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 267 | (۱۰۲) پانی پیتے وقت کی دعا | 84 |
| 268 | (۱۰۳) پانی پینے کے بعد کی دعا | 84 |
| 269 | (۱۰۴) دودھ پینے کے بعد کی دعا | 85 |
| 270 | (۱۰۵) افطار کے بعد کی دعا | 85 |
| 271 | (۱۰۶) افطار کے بعد کی دعا | 85 |
| 272 | (۱۰۷) دعوت میں افطار کرتے وقت کی دعا | 85 |
| 273 | (۱۰۸) آب زم زم پیتے وقت کی دعا | 85 |
| 274 | (۱۰۹) میزبان کے گھر سے چلتے وقت مہمان کی میزبان کے لیے دعا | 85 |
| 275 | (۱۱۰) بدہضمی کے وقت کی دعا | 86 |
| 276 | (۱۱۱) لباس اتارتے وقت کی دعا | 86 |
| 277 | (۱۱۲) لباس پہنتے وقت کی دعا | 86 |
| 278 | (۱۱۳) نیا لباس پہنتے وقت کی دعا | 86 |
| 279 | (۱۱۴) نیا لباس پہنتے وقت کی دوسری دعا | 87 |
| 280 | (۱۱۵) دوست کو نیا کپڑا پہنے دیکھتے وقت کی دعا | 87 |
| 281 | (۱۱۶) نیا عمامہ یا نئی چادر (نئے جوتے) پہنتے وقت کی دعا | 87 |
| 282 | (۱۱۷) سرمہ ڈالتے وقت کی دعا | 87 |
| 283 | (۱۱۸) تیل لگاتے وقت کی دعا | 87 |
| 284 | (۱۱۹) ہاتھ، پاؤں کے ناخن کاٹنے کی دعا | 88 |
| 285 | (۱۲۰) عطر لگاتے وقت کی دعا | 88 |
| 286 | (۱۲۱) گلاب کے پھول کو سونگھتے وقت کی دعا | 88 |
| 287 | (۱۲۲) نکاح کے بعد دولہا اور دلہن کے لیے دعا | 88 |
| 288 | (۱۲۳) شب زفاف (سہاگ رات) میں ملاقات کی دعا | 88 |
| 289 | (۱۲۴) بیوی کے ساتھ صحبت کے وقت کی دعا | 88 |
| 290 | (۱۲۵) وقت انزال کی دعا | 89 |
| 291 | (۱۲۶) جماع کرتے وقت ان باتوں کا ضرور خیال رکھیے | 89 |
| 292 | (۱۲۷) بچہ کی ولادت کے بعد کی دعا | 89 |
| 293 | (۱۲۸) عقیقہ کی دعا | 89 |
| 294 | (۱۲۹) بچہ کی پیدائش کے وقت دشواری پر دعا | 90 |
| 295 | (۱۳۰) طلب اولاد کی دعا | 90 |
| 296 | (۱۳۱) سفر شروع کرتے وقت کی دعا | 90 |
| 297 | (۱۳۲) سفر کے وقت کی دعا | 91 |
| 298 | (۱۳۳) مسافر کو رخصت کرنے والے کی دعا | 91 |
| 299 | (۱۳۴) سواری پر سوار ہوتے وقت کی دعا | 91 |
| 300 | (۱۳۵) سواری پر اطمینان سے بیٹھ جانے پر دعا | 91 |
| 301 | (۱۳۶) کشتی یا بحری جہاز پر سوار ہونے کی دعا | 91 |
| 302 | (۱۳۷) جب سفر شروع کر دے اس وقت کی دعا | 92 |
| 303 | (۱۳۸) سفر سے بخیریت واپس آنے کی دعا | 92 |
| 304 | (۱۳۹) جانور کو ٹھوکر لگتے وقت کی دعا | 92 |
| 305 | (۱۴۰) بلندی پر چڑھتے وقت کی دعا | 92 |
| 306 | (۱۴۱) بلندی سے اترتے وقت کی دعا | 93 |
| 307 | (۱۴۲) کسی منزل میں قیام کرنے کے وقت کی دعا | 93 |
| 308 | (۱۴۳) شہر دیکھتے وقت کی دعا | 93 |
| 309 | (۱۴۴) شہر میں داخل ہوتے وقت کی دعا | 93 |
| 310 | (۱۴۵) سفر میں خوشحالی کی دعا | 93 |
| 311 | (۱۴۶) جب کوئی شگون دل میں کھٹکے اس وقت کی دعا | 94 |
| 312 | (۱۴۷) نظر بد لگنے پر پڑھنے کی دعا | 94 |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 313 | (۱۴۸) جانور کو نظر لگ جانے پر پڑھنے کی دعا | 94 |
| 314 | (۱۴۹) آگ بجھانے کی دعا | 94 |
| 315 | (۱۵۰) پیشاب بند ہو جانے یا پتھری ہو جانے پر پڑھنے کی دعا | 94 |
| 316 | (۱۵۱) جل جانے پر پڑھنے کی دعا | 95 |
| 317 | (۱۵۲) پھوڑے اور زخم وغیرہ کی دعا | 95 |
| 318 | (۱۵۳) پاؤں سن ہونے کے وقت کی دعا | 95 |
| 319 | (۱۵۴) بچھو اور دوسرے موذی کیڑوں سے محفوظ رہنے کی دعا | 96 |
| 320 | (۱۵۵) آشوب چشم (دکھتی آنکھ) کے وقت کی دعا | 96 |
| 321 | (۱۵۶) بخار آجانے کے وقت کی دعا | 96 |
| 322 | (۱۵۷) کان بجتے وقت کی دعا | 96 |
| 323 | (۱۵۸) جذام (کوڑھ) اور دوسرے موذی امراض سے پناہ کی دعا | 96 |
| 324 | (۱۵۹) فالج سے حفاظت کی دعا | 97 |
| 325 | (۱۶۰) تمام امراض سے شفایابی کی دعا | 97 |
| 326 | (۱۶۱) شفایابی کی دوسری دعا | 97 |
| 327 | (۱۶۲) بیماری کی حالت میں آتش جہنم سے بچنے کی دعا | 97 |
| 328 | (۱۶۳) جب کوئی چیز غمگین کرے اس وقت کی دعا | 98 |
| 329 | (۱۶۴) خوشی پیش آنے یعنی مرضی کے موافق بات ہونے پر دعا | 98 |
| 330 | (جب کہ خلاف شریعت نہ ہو) | 98 |
| 331 | (۱۶۵) ناگواری اور خلاف مرضی بات ہونے پر دعا | 98 |
| 332 | (۱۶۶) دانت کے درد کی دعا | 98 |
| 333 | (۱۶۷) کسی قوم سے خطرے کے وقت کی دعا | 98 |
| 334 | (۱۶۸) سخت خطرے کے وقت کی دعا | 99 |
| 335 | (۱۶۹) کفر و فقر سے پناہ کی دعا | 99 |
| 336 | (۱۷۰) درد سر کی دعا | 99 |
| 337 | (۱۷۱) ستر بلاؤں سے عافیت کی دعا | 99 |
| 338 | (۱۷۲) ناک سے بہتے خون کو روکنے کی دعا | 99 |
| 339 | (۱۷۳) زبان کی لکنت کی دعا | 100 |
| 340 | (۱۷۴) موت مانگنے کی جائز دعا | 100 |
| 341 | (۱۷۵) عیادت کرتے وقت کی دعا | 100 |
| 342 | (۱۷۶) عیادت کی دوسری دعا | 100 |
| 343 | (۱۷۷) جانکنی کے وقت مرنے والا کیا دعا کرے | 100 |
| 344 | (۱۷۸) جانکنی کے وقت تلقین کرنے کی دعا | 101 |
| 345 | (۱۷۹) میت کی آنکھیں بند کرتے وقت کی دعا | 101 |
| 346 | (۱۸۰) مصیبت کے وقت کی دعا | 101 |
| 347 | (۱۸۱) تعزیت کے وقت کی دعا | 101 |
| 348 | (۱۸۲) جنازہ اٹھاتے وقت کی دعا | 102 |
| 349 | (۱۸۳) جنازہ دیکھتے وقت کی دعا | 102 |
| 350 | (۱۸۴) نماز جنازہ میں بالغ مرد و عورت کے لیے دعا | 102 |
| 351 | (۱۸۵) نماز جنازہ میں نابالغ لڑکے کے لیے دعا | 102 |
| 352 | (۱۸۶) نماز جنازہ میں نابالغہ لڑکی کے لیے دعا | 102 |
| 353 | (۱۸۷) قبرستان میں داخل ہوتے وقت کی دعا | 103 |
| 354 | (۱۸۸) میت کو قبر میں رکھتے وقت کی دعا | 103 |
| 355 | (۱۸۹) قبر پر مٹی ڈالتے وقت کی دعا | 103 |
| 356 | (۱۹۰) قبر پر تلقین کے وقت کی دعا | 103 |
| 357 | (۱۹۱) انتقال کے وقت کی دعا | 104 |
| 358 | (۱۹۲) سوالات قبر کی آسانی کے لیے دعا | 104 |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 359 | (۱۹۳) میت کو چار پائی پر رکھتے یا اٹھاتے وقت کی دعا | 104 |
| 360 | (۱۹۴) قربانی کا جانور ذبح کرنے سے پہلے کی دعا اور بعد کی دعا | 104 |
| 361 | (۱۹۵) قربانی کا جانور ذبح کرنے کے بعد کی دعا | 105 |
| 362 | (۱۹۶) عید کی دعا | 105 |
| 663 | (۱۹۷) سحری کی دعا | 105 |
| 364 | (۱۹۸) شہادت کی دعا | 105 |
| 365 | (۱۹۹) پانی کا مشکیزہ یا مٹکا وغیرہ ڈھکتے وقت کی دعا | 105 |
| 366 | (۲۰۰) برتن ڈھکتے وقت کی دعا | 106 |
| 367 | (۲۰۱) بیماری میں انتقال پر درجہ شہادت پر فائز کرنے والی دعا | 106 |
| 368 | (۲۰۲) مجلس کے اختتام کی دعا | 106 |
| 369 | (۲۰۳) دروازہ بند کرنے کی دعا | 106 |
| 370 | (۲۰۴) وضو سے فراغت کے بعد کی دعا | 106 |
| 371 | (۲۰۵) ننانوے بیماریوں کی دعا | 107 |
| 372 | (۲۰۶) شعبان المعظم کی دعا | 107 |
| 373 | (۲۰۷) جمعہ کی سنّت کے بعد کی دعا | 107 |
| 374 | (۲۰۸) مسجد کی صف میں پہنچتے وقت کی دعا | 107 |
| 375 | (۲۰۹) آیات شفاء | 107 |
| 376 | (۲۱۰) سوتے وقت کروٹ بدلنے پر دعا | 108 |
| 377 | (۲۱۱) رات کو بستر سے اٹھ کر دوبارہ بستر پر آئے اس وقت کی دعا | 108 |
| 378 | (۲۱۲) جمعہ کے دن نماز فجر سے پہلے پڑھنے کی دعا | 109 |
| 379 | (۲۱۳) شریعت مطہرہ کے خلاف کام کو مٹانے اور ختم کرنے پر دعا | 109 |
| 380 | (۲۱۴) سوتے وقت وحشت وخوف محسوس ہونے پر دعا | 109 |
| 381 | (۲۱۵) جب نماز تہجد وغیرہ کے لیے کھڑا ہو اس وقت کی دعا | 109 |
| 382 | (۲۱۶) درود شریف پڑھنے کے بعد کی دعا | 110 |
| 383 | (۲۱۷) غلام خریدتے وقت کی دعا (نوکر، ملازم رکھتے وقت پڑھ لیں) | 110 |
| 384 | (۲۱۸) جانور خریدتے وقت کی دعا | 110 |
| 385 | (۲۱۹) جب بچہ گفتگو کرنے لگے اس وقت سکھائی جانے والی دعا | 110 |
| 386 | (۲۲۰) جب جانور بھاگ جائے تو اس وقت کی دعا | 110 |
| 387 | (۲۲۱) زخمی ہونے کے وقت کی دعا | 110 |
| 388 | (۲۲۲) اسلام قبول کرنے پر نو مسلم کو سکھائی جانے والی دعا | 111 |
| 389 | (۲۲۳) جس پر کسی چیز یا معاملہ کا غلبہ ہو اس وقت کی دعا | 111 |
| 390 | (۲۲۴) گناہ سے توبہ کرتے وقت کی دعا | 111 |
| 391 | (۲۲۵) غیر مسلم کے سلام کرنے پر جواب کا طریقہ | 111 |
| 392 | (۲۲۶) اولاد کے بالغ ہو جانے اور شادی ہو جانے کے بعد اسے اپنے سامنے بٹھا کر پڑھنے کی دعا | 111 |
| 393 | (۲۲۷) اذان کا جواب دینے کے بعد کی دعا | 112 |
| 394 | دعاء وسیلہ | 112 |
| 395 | (۲۲۸) جب کوئی کسی مسلمان کا سلام پہنچائے تو اس وقت کی دعا | 112 |
| 396 | (۲۲۹) اگر دو مسلمان سلام پہنچائیں تو اس وقت کی دعا | 112 |
| 397 | (۲۳۰) اگر دو سے زیادہ مسلمان سلام کہلوائیں تو اس وقت کی دعا | 112 |
| 398 | (۲۳۱) جب کسی کو ایسی چیز کے ساتھ بشارت دی جائے جو اسے خوش کرے تو اس وقت کی دعا | 113 |
| 399 | (۲۳۲) اپنی یا کسی دوسرے کی ذات یا مال میں جب ایسی چیز دیکھے جو اسے پسند آئے تو اس وقت کی دعا | 113 |
| 400 | (۲۳۳) اپنے مال (رزق حلال) میں زیادتی کی دعا | 113 |
| 401 | (۲۳۴) اسلامی بھائی سے اظہار محبت کی دعا | 113 |
| 402 | (۲۳۵) اظہار محبت کرنے پر جواب دینے کی دعا | 113 |
| 403 | (۲۳۶) حرص کے خاتمہ کی دعا | 114 |
| 404 | (۲۳۷) ایمان پر خاتمہ کی دعا | 114 |
| 405 | (۲۳۸) کسی کے گھر میں داخلہ کی اجازت لینے کی دعا | 114 |
| 406 | (۲۳۹) تکبّر سے دوری کی دعا | 114 |
| 407 | (۲۴۰) رحمت الٰہی اور قرب الٰہی کی زیادتی کے لیے دعا | 114 |
| 408 | (۲۴۱) اپنے اور اپنے اہل کے لیے برکت لانے والی دعا | 114 |
| 409 | (۲۴۲) بیٹا جب اپنے والد کا سلام کسی کو پہنچائے تو اس وقت کی دعا | 115 |
| 410 | (۲۴۳) ایک مقام پر اگر مسلم اور غیر مسلم ہوں تو اس وقت کی دعا | 115 |
| 411 | (۲۴۴) مکتوب میں سلام پڑھ کر سلام کا جواب دینے کا طریقہ | 115 |
| 412 | (۲۴۵) دنیا و آخرت کی ذلت ورسوائی سے بچنے کی دعا | 115 |
| 413 | (۲۴۶) عذاب قبر اور فتنوں کے شر سے پناہ کی دعا | 115 |
| 414 | (۲۴۷) جب کوئی نکاح کی خبر دے تو سامنے والا یہ دعا دے | 115 |
| 415 | (۲۴۸) دلہن کو دیکھ کر اس وقت عورتوں کے لئے پڑھنے کی دعا | 116 |
| 416 | (۲۴۹) جس دل میں خوف خدا نہ ہو اس دل سے | 116 |
| 417 | اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہنے کی دعا | 116 |
| 418 | (۲۵۰) کھانا سامنے آئے اس وقت کی دعا | 116 |
| 419 | (۲۵۱) جل جانے پر پڑھنے کی دعا | 116 |
| 420 | (۲۵۲) آنکھوں کی روشنی میں اضافہ کی دعا | 116 |
| 421 | دعائے مخصوصہ | 117 |
| 422 | (۲۵۳) عہد نامہ | 117 |
| 423 | عہد نامہ یہ ہے: | 117 |
| 424 | (۲۵۴) دعاء حِزبُ البَحر کے مصنف کے مختصر حالات | 118 |
| 425 | حِزبُ البَحر | 118 |
| 426 | (۲۶۰) دعاء عاشورہ کے طفیل ایک سال تک زندگی کا بیمہ | 123 |
| 427 | دعائے عاشورہ | 123 |
| 428 | (۲۶۱) دعائے نصف شعبان المعظم | 125 |
| 429 | (۲۶۲) دعائے شبِ قدر | 126 |
| 430 | (۲۶۳) ہر رات عبادت میں گزارنے کا نسخہ بصورتِ دعا | 127 |
| 431 | آخر میں اسمِ اعظم کے ساتھ دعا | 127 |

# چہل رَبَّنَا
# (40)
# قرآنی دعائیں

## قبولیتِ دعا اور استقامت علی الایمان کے لئے دعائیں

(۱) رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۝

اے رب ہمارے ہم سے قبول فرما بیشک تو ہی ہے سنتا جانتا۔ (البقرہ، آیت ۱۲۷)

(۲) رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَیۡنِ لَكَ وَمِنۡ ذُرِّیَّتِنَاۤ اُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ ۪ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَیۡنَا ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِیۡمُ ۝

اے رب ہمارے اور کر ہمیں تیرے حضور گردن رکھنے والے اور ہماری اولاد میں سے ایک امّت تیری فرمانبردار اور ہمیں ہماری عبادت کے قاعدے بتا اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرما بیشک تو ہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان۔ (البقرہ، آیت ۱۲۸)

## دین و دنیا کی تمام بھلائیوں کے لئے

(۳) رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اے ربّ ہمارے ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا۔ (سورۂ بقرہ، آیت ۲۰۱)

## ثابت قدمی اور نصرت و فتح کے لئے ہر معاملات میں بالخصوص جنگ میں

(۴) رَبَّنَاۤ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِیۡنَ ۝

اے رب ہمارے ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمارے پاؤں جمے رکھ کافر لوگوں پر ہماری مدد کر۔ (البقرہ، آیت ۲۵۰)

(۵) رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَاِسۡرَافَنَا فِیۡۤ اَمۡرِنَا وَثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِیۡنَ ۝

اے ہمارے رب بخش دے ہمارے گناہ اور جو زیادتیاں ہم نے اپنے کام میں کیں اور ہمارے قدم جمادے اور ہمیں ان کافر لوگوں پر مدد دے۔ (آل عمران، آیت ۱۴۷)

ہر مشکل اور پریشانی سے نجات کی دعا

(۶) رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج

اے رب ہمارے ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھولیں یا چوکیں۔ (البقرہ، آیت ۲۸۶)

بخشش ورحمت، فلاح دنیا و آخرت کے لئے

(۷) رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج

اے رب ہمارے اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے اگلوں پر رکھا تھا۔
(البقرہ، آیت ۲۸۶)

(۸) رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقف وَاغْفِرْ
لَنَا وَارْحَمْنَا وقف اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ O

اے رب ہمارے اور ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں سہار (برداشت) نہ ہو اور ہمیں معاف فرمادے اور بخش دے اور ہم پر مہر کر تو ہمارا مولیٰ ہے تو کافروں پر ہمیں مدد دے۔
(البقرۃ، آیت ۲۸۶)

عذاب جہنّم سے بچاؤ کے لئے

(۹) رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے رب ہمارے ہم ایمان لائے تو ہمارے گناہ معاف کر اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ (آل عمران، آیت ۱۶)

(۱۰) رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا

اے ہمارے رب ہم سے پھیر دے جہنّم کا عذاب بیشک اس کا عذاب گلے کا غل (پھندا) ہے۔ (فرقان، آیت ۶۵)

(۱۱) رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج
سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ O

اے رب ہمارے تو نے یہ بیکار نہ بنایا پاکی ہے تجھے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ (ال عمران، آیت ۱۹۱)

دنیا و آخرت کی ذلّت و رسوائی سے بچنے کی دعا

(۱۲) رَبَّنَآ اِنَّکَ مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَیۡتَہٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِیۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ۝

اے رب ہمارے بے شک جسے تو دوزخ میں لے جائے اسے ضرور تو نے رسوائی دی اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ (آل عمران، آیت ۱۹۲)

بخشش اور ایمان بالخیر و عافیت والی موت کی دعائیں

(۱۳) رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیۡ لِلۡاِیۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا بِرَبِّکُمۡ فَاٰمَنَّا ۖ

اے رب ہمارے ہم نے ایک منادی کو سنا کہ ایمان کے لئے ندا فرماتا ہے کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ۔ (آل عمران، آیت ۱۹۳)

(۱۴) رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَکَفِّرۡ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ ۝

اے رب ہمارے تو ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں محو فرمادے اور ہماری موت اچھوں کے ساتھ کر۔ (آل عمران، آیت ۱۹۳)

(۱۵) رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدۡتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا تُخۡزِنَا یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ؕ اِنَّکَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ ۝

اے رب ہمارے اور ہمیں دے وہ جس کا تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے اپنے رسولوں کی معرفت اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر بے شک تو وعدہ خلاف نہیں کرتا۔

(آل عمران، آیت ۱۹۴)

خصوصی رحم و کرم اور مغفرت کی دعا

(۱۶) رَبَّنَا ظَلَمۡنَآ اَنۡفُسَنَا سکتہ وَاِنۡ لَّمۡ تَغۡفِرۡ لَنَا

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

اے رب ہمارے ہم نے اپنا آپ بُرا کیا تو اگر تُو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم ضرور نقصان والوں میں ہوئے ۔ (اعراف، آیت ۲۳)

ہدایت اور دل کی اصلاح کے لئے

(۱۷) رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

اے رب ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر بے شک تو ہے بڑا دینے والا۔ (آل عمران، آیت ۸)

اللہ کے دوستوں سے ملاقات کے لئے

(۱۸) رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

اے رب ہمارے بے شک تو سب لوگوں کو جمع کرنے والا ہے اس دن کے لئے جس میں کوئی شبہ نہیں بے شک اللہ کا وعدہ نہیں بدلتا۔ (آل عمران، آیت ۹)

**فضیلت:** جو شخص اللہ کے دوستوں سے ملنے کا آرزومند ہو تو وہ اس آیت کو کثرت سے پڑھے۔

ایمان پر استقامت کی دعا

(۱۹) رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○

اے رب ہمارے ہم اس پر ایمان لائے جو تو نے اتارا اور رسول کے تابع ہوئے تو ہمیں حق پر گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔ (آل عمران، آیت ۵۳)

(۲۰) رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○

اے رب ہمارے ہم ایمان لائے تو ہمیں حق کے گواہوں میں لکھ لے۔ (مائدہ، آیت ۸۳)

آزمائش و تنگی میں فراخی کے لئے دعائیں

(۲۱) رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ

تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ج
وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○

اے اللہ اے رب ہمارے ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے لئے عید ہو ہمارے اگلے پچھلوں کی اور تیری طرف سے نشانی اور ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔ (مائدہ، آیت ۱۱۴)

ظالموں سے نجات کی دعا

(۲۲) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

اے ہمارے رب ہمیں ظالموں کے ساتھ نہ کر۔ (اعراف، آیت ۴۷)

بہترین کامیابی اور آپس میں صلح کیلئے دعا

(۲۳) رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○

اے رب ہمارے ہم میں اور ہماری قوم میں حق فیصلہ کر اور تیرا فیصلہ سب سے بہتر ہے۔ (اعراف، آیت ۸۹)

آزمائش و تنگی میں دعائے صبر و استقلال

(۲۴) رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○

اے رب ہمارے ہم پر صبر اُنڈیل دے اور ہمیں مُسلمان اٹھا۔ (اعراف، آیت ۱۲۶)

ظالموں اور کافروں کے فتنے سے بچنے کے لئے

(۲۵) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○
وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

الٰہی ہم کو ظالم لوگوں کے لئے آزمائش نہ بنا۔ اور اپنی رحمت فرما کر ہمیں کافروں سے نجات دے۔ (یونس، آیت ۸۶،۸۵)

(۲۶) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ج اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اے ہمارے رب ہمیں کافروں کی آزمائش میں نہ ڈال اور ہمیں بخش دے اے ہمارے رب بیشک تو ہی عزّت وحکمت والا ہے۔ (ممتحنہ، آیت ۵)

## کام کی بہتری کیلئے دعا

(۲۷) رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

اے ہمارے رب ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف رجوع لائے اور تیری ہی طرف پھرنا ہے۔ (ممتحنہ، آیت ۴)

## گمشدہ چیز کے ملنے کی دعا

(۲۸) رَبَّنَآ اِنَّکَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَمَا نُعْلِنُ ط
وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ۝

اے ہمارے رب تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے اور اللہ پر کچھ چھپا نہیں زمین میں نہ آسمان میں۔ (ابراھیم، آیت ۳۸)

## قبولیتِ دعا کے لئے

(۲۹) رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝

اے ہمارے رب اور میری دعا سن لے۔ (ابراھیم، آیت ۴۰)

## والدین کے لیے مغفرت کی دعائیں

(۳۰) رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔ (ابراھیم، آیت ۴۱)

## رحمت وہدایت کی دعائیں

(۳۱) رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝

اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لئے راہ یابی کے سامان کر۔ (کہف، آیت ۱۰)

## زیادتی اور شرارت سے بچنے کی دعا

(۳۲) رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَآ اَوْ اَنْ یَّطْغٰی ○

اے ہمارے رب بیشک ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا شرارت سے پیش آئے۔ (طٰہٰ، آیت ۴۵)

(۳۳) رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ○

ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے لائق صورت دی پھر راہ دکھائی۔ (طٰہٰ، آیت ۵۰)

## بخشش، رحم وکرم کی دعا

(۳۴) رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ○

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ (مؤمنون، آیت ۱۰۹)

## نیک اور پاکیزہ اولاد کے لئے دعا

(۳۵) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ○

اے ہمارے رب ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔ (فرقان، آیت ۷۴)

## اسی آیت مبارکہ سے زہریلے جانور کے کاٹنے کا علاج

**فضیلت:** جس جگہ زہریلا جانور کاٹ لے اس جگہ انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں سات مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھینٹا مارے یا کان میں دم کردیں، اِن شاء اللہ زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

## دین و دنیا میں قدر و منزلت کیلئے دعا

(۳۶) اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَکُوْرُ ○

بیشک ہمارا رب بخشنے والا قدر فرمانے والا ہے۔ (فاطر، آیت ۳۴)

## مؤمنوں کیلئے مغفرت و جنّت کی دعا

(۳۷) رَبَّنَا وَسِعۡتَ كُلَّ شَيۡءٍ رَّحۡمَةً وَّعِلۡمًا فَاغۡفِرۡ لِلَّذِيۡنَ تَابُوۡا وَاتَّبَعُوۡا سَبِيۡلَكَ وَقِهِمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ○

اے رب ہمارے تیری رحمت و علم میں ہر چیز سمائی ہے تو انہیں بخش دے جنھوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ (سورۂ مؤمن، آیت ۷)

(۳۸) رَبَّنَا وَاَدۡخِلۡهُمۡ جَنّٰتِ عَدۡنِ ِۨالَّتِيۡ وَعَدۡتَّهُمۡ وَمَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّيّٰتِهِمۡ ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ○ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنۡ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوۡمَئِذٍ فَقَدۡ رَحِمۡتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ○

اے ہمارے رب اور انہیں بسنے کے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کو جو نیک ہوں ان کے باپ دادا اور بیبیوں اور اولاد میں بیشک تو ہی عزّت و حکمت والا ہے۔ (مؤمن، آیت ۸)

اور انہیں گناہوں کی شامت سے بچا لے اور جسے تو اس دن گناہوں کی شامت سے بچائے تو بیشک تو نے اس پر رحم فرمایا۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ (مؤمن، آیت ۹)

## ترقیٔ ایمان اور مغفرت کی دعائیں

(۳۹) رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَنَا وَلِاِخۡوَانِنَا الَّذِيۡنَ سَبَقُوۡنَا بِالۡاِيۡمَانِ وَلَا تَجۡعَلۡ فِيۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ○

اے ہمارے رب ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ اے رب ہمارے بیشک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے۔ (حشر، آیت ۱۰)

## تکمیل نور ھدایت کے لئے

(۴۰) رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ○

اے ہمارے رب ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر دے اور ہمیں بخش دے بیشک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے۔ (تحریم، آیت ۸)

# لفظِ ”رَبّ“

# (27) سے

# قرآنی دعائیں

(۱) نئے شہر یا ملک میں امن سلامتی اور بہترین روزگار کے لئے

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ

اے میرے رب اس شہر کو امن والا کردے اور اس کے رہنے والوں کو طرح طرح کے پھلوں سے روزی دے۔ (سورۃ البقرہ،۱۲۶)

(۲) جس کو حمل نہ ٹھہرتا ہو، یا حمل ضائع ہو جاتا ہو

رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ج اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ O

اے رب میرے میں تیرے لئے منت مانتی ہوں جو میرے پیٹ میں ہے کہ خالص تیری ہی خدمت میں رہے تو تو مجھ سے قبول کرلے بے شک تو ہی ہے سنتا جانتا۔

(سورۂ الِ عمران، آیت ۳۵)

**فضیلت:** جس کو حمل نہ ٹھہرتا ہو، یا حمل ضائع ہو جاتا ہو وہ ہونے والے بچے کو نیک کام میں وقف کرنے کی نیت سے دعا کرے، اِن شاء اللہ عزّوجلّ اس دعا کے صدقہ اولاد کی نعمت سے بہرہ مند ہوگی۔

(۳) لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہو تو

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ج اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ O

اے رب میرے مجھے اپنے پاس سے دے ستھری اولاد بے شک تو ہی ہے دعا سننے والا۔

(سورۃ آل عمران، آیت ۳۸)

**فضیلت:** حضرت خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یا نیک بخت فرزند کا آرزومند ہو یا کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو تو اس دعا کو روزانہ ۳۳ مرتبہ پڑھے۔

(۴) اچھے برے کام کی اطلاع بذریعہ خواب

رَبِّ اجْعَلْ لِّیْٓ اٰیَةً ط

اے میرے رب میرے لئے کوئی نشانی کردے۔ (ال عمران، آیت ۴۱)